www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com


خواجہ عبدالمنان راز ایم اے

# تعارف و تبصرۂ کتب

نام کتاب :........... بدنصیب  مصنف :........ مائل خیرآبادی

ضخامت :.............. ۱۴۴ صفحات  قیمت :....... ۱/۶۵ روپے

ناشر : ادارہ الحسنات ذیلدار پارک اچھرہ لاہور

بچوں اور بڑوں کے لیے افادی ادب کی تخلیق میں مائل خیرآبادی صاحب کا قابل قدر حصہ ہے۔ وہ سادہ و سلیس اور شگفتہ و رواں زبان میں لکھتے ہیں۔ اندازِ بیان دلکش ہے۔ زیرِ نظر کتاب "بدنصیب" میں انہوں نے ان دس بدنصیبوں کا حال کہانی کے انداز میں لکھا ہے جن تک اللہ کا دین پہنچا لیکن وہ کسی نہ کسی وجہ سے اس نعمت سے محروم ہو گئے۔ واقعی اس شخص سے زیادہ بدنصیب کون ہو سکتا ہے جس کے سامنے جنت کا راستہ ہو لیکن وہ اپنا رخ بدل کر جہنم کی طرف چل پڑے۔ یہ دس کہانیاں ہم سب کے لیے درسِ عبرت ہیں۔ بڑوں کو چاہیے کہ وہ اس کتاب کو خود بھی پڑھیں اور اپنی اولاد اور اپنے چھوٹے بہن بھائیوں کو بھی پڑھائیں۔ جن دس بدنصیب لوگوں کے حالات و واقعات اس کتاب میں بیان کیے گئے ہیں، ان کے نام یہ ہیں۔ ابلیس۔ کنعان۔ سامری، قارون، عبداللہ بن ابی، مسیلمہ کذاب جبلہ بن ایہم اور ثعلبہ۔

---

نام کتاب :........... چٹانیں  مصنف :........... مائل خیرآبادی

ضخامت :........... ۱۴۰ صفحات  قیمت :........... ۲/۲۵ روپے

ناشر : ادارہ الحسنات ذیلدار پارک اچھرہ لاہور

"بدنصیب" اگر ان لوگوں کی زندگی کے حالات پر مشتمل ہے کہ جو حرص و ہوس اور نفس پرستی کے سیلاب میں خس و خاشاک کی طرح بہہ گئے تو "چٹانیں" ان بزرگ و پاکباز خواتین کی زندگی کے واقعات پر مشتمل ہے جو باطل کے سیلِ بیکراں میں چٹانوں کی طرح ڈٹی رہیں۔ کوئی ظلم، کوئی لالچ اور کوئی فریب انہیں دینِ حق سے نہ ہٹا سکا۔ ہر طرح کے مصائب اور تکالیف برداشت کیں لیکن


© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ